سوال

(133)وضو کرتے وقت بسم اللہ پڑھنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شریعت میں مطلوب وضو کا کیا طریقہ ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وضو کرتے وقت بسم اللہ پڑھنا واجب نہیں بلکہ سنت ہے کیونکہ اس بارے میں حدیث کا ثبوت محل نظر ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اس باب میں کوئی حدیث ثابت نہیں ہے اور جیسا کہ سب لوگوں کو معلوم ہے کہ امام احمد رحمہ اللہ حدیث کے جلیل القدر ائمہ وحفاظ میں سے ہیں لہٰذا جب وہ فرمائیں کہ اس باب میں کوئی حدیث ثابت نہیں تو بلاشبہ اس حدیث کے بارے میں دل میں خلش رہتی اور جب اس کا ثبوت محل نظر ہے تو کسی انسان کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ بندگان الٰہی کے لیے کسی ایسی چیز کو لازم قرار دے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہ ہو، اس لیے میری رائے یہ ہے کہ وضو کرتے وقت بسم اللہ پڑھنا سنت ہے لیکن جس کے نزدیک یہ حدیث ثابت ہو تو اس کے لیے اس کے مطابق عمل کرنا واجب ہوگا کیونکہ (لَاوُضُوءَ) میں ''لا'' صحیح قول کے مطابق نفی صحت کے لیے ہے نفی کمال کے لیے نہیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 198

محدث فتویٰ